# مشق

## 1-سوالات کے مختصر جوابات

**(الف) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟**

جواب: ذاتی تسکین کے لیے لکھتے تھے، کام اس لیے کرتے تھے کہ انھیں کام کرنا ہوتا تھا۔

**(ب) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟**

جواب: مرزا صاحب انہیں پسند نہیں کرتے تھے۔

**(ج) مرزا صاحب کی معرکۃ الآرا کتاب کا نام اور مرتبہ بیان کیجیے۔**

جواب: مذہب اور باطنیت۔ اگر اردو کی سو عمدہ کتابیں منتخب کی جائیں تو اس کتاب کو ان میں شامل کرنا پڑے گا۔

**(د) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیزداری تھی؟**

جواب: سرسید اور منشی ذکاءاللہ۔

**(ہ) مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟**

جواب: سال دو سال علی گڑھ میں پڑھایا پھر گورنمنٹ کالج لاہور میں انگریزی کے پروفیسر مقرر ہو گئے۔

**(و) مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟**

جواب: مطالعہ کتب ان کا سب سے بڑا مشغلہ تھا۔

**(ز) مصنف کے پروگرام، دانش کدہ، میں شرکت کی درخواست پر مرزا صاحب نے کیا جواب دیا؟**

جواب: مرزا صاحب نے فرمایا: "آدمی شہرت کے لئے کوئی کام کرتا ہے یا دولت کے لیے۔ مجھے نہ اس کی ضرورت ہے، نہ اُس کی"۔

**(ح) مرزا محمد سعید کا حلیہ بیان کیجیے؟**

جواب: اکہرا ڈیل، اُجلا رنگ، کشادہ پیشانی، گھنی بھنوؤں کے سائے میں بڑی بڑی روشن آنکھیں، رُخساروں کی ہڈیاں اُبھری ہوئی، کترواں مونچھیں، ہنستے تو سامنے کے دو چار دانت ٹوٹے ہوئے نظر آ جاتے مگر بُرے نہ لگتے تھے۔ داڑھی منڈی ہوئی۔ دھان پان سے آدمی تھے۔

**(ط) مرزا صاحب کے دونوں ناولوں کے نام تحریر کریں؟**

جواب: یاسمین، خوابِ ہستی۔

## 2-پطرس بخاری سے مرزا صاحب کے تعلق کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

جواب: پطرس نے مرزا صاحب سے اکتساب علم کیا۔ بعد میں پطرس خود انگریزی کے پروفیسر ہو گئے تھے مگر اپنی غیر معمولی قابلیت و ذہانت کے باوجود مرزا صاحب کی عِلمیت کے آگے اپنے آپ کو ہیچ سمجھتے تھے۔

## 3-"عالم کی موت عالم کی موت ہوتی ہے"۔ اس جملے کا مفہوم وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔

جواب: عالم وفاضل کی وفات اک عہد کی موت ہوتی ہے اس سے پورا عہد متاثر ہوتا ہے۔

## 4- متن کی روشنی میں درست جواب پر نشان لگائیں۔

**(الف) سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟**

(الف) نذیر احمد دہلوی (ب) ✓ شاہد احمد دہلوی (ج) اشرف صبوحی (د) مولوی عبدالحق

**(ب) مرزا محمد سعید کی عزیزداری کس شخصیت سے تھی؟**

(الف) ✓ سر سید احمد خاں (ب) شیخ عبدالقادر (ج) شاہد احمد دہلوی (د) مشتاق احمد زاہدی

**(ج) مرزا محمد سعید کے بقول انسان کس لیے کام کرتا ہے؟**

(الف) شہرت (ب) دولت (ج) عزت اور وقار (د) ✓ شہرت اور دولت

**(د) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کون سی سند لی؟**

(الف) بی۔اے (ب) ایم۔اے تاریخ (ج) ✓ ایم۔اے انگریزی ادب (د) ایم۔اے اردو ادب

**(ہ) محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟**

(الف) ڈاکٹر تاثیر (ب) پطرس بخاری (ج) ✓ فیض احمد فیض (د) حمید احمد خاں

**(و) پروگرام "دانش کدہ" میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے؟**

(الف) ✓ چار (ب) تین (ج) دو (د) سات

**(ز) مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے:**

(الف) جائیداد خریدنے پر (ب) خیرات کرنے میں (ج) ✓ کتابوں پر (د) کھانے پینے پر

## 5- درج ذیل الفاظ و تراکیب کی وضاحت جملوں میں استعمال کے ذریعے کیجئے:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| سانحہ ارتحال | مجھے اس کے سانحہ ارتحال کی خبر دیر سے ملی۔ |
| سُناونی | اس کی موت کی سناؤنی بڑی دیر بعد ملی۔ |
| ایکا ایکی | ایکا ایکی بارش ہونے لگی۔ |
| بے مزِد | میں نے اپنا ناول بے مزِد ہی چھپنے کے لیے دے دیا۔ |
| متموّل | مرزا صاحب متموّل خاندان کے فرد تھے۔ |
| قرابت داری | مرزا صاحب کی سر سید سے قرابت داری تھی۔ |
| ہیچ سمجھنا | میں روپیہ انسانی عظمت کے سامنے ہیچ سمجھتا ہوں۔ |
| شُدہ شُدہ | شدہ شدہ بات پطرس تک پہنچی۔ |
| کرّوفر | افسر بڑے کرّوفر سے علاقے کی نگرانی کے لئے پہنچا۔ |
| قلبِ مطمئنّہ | اللہ سب کو قلبِ مطمئنّہ کی دولت سے مالا مال کرے۔ |

| | |
|---|---|
| عرضِ مدعا | پرنسپل نے عرضِ مدعا سن کر منظوری دے دی۔ |
| متبسّم | مرزا صاحب عرضِ مدعا سن کر متبسّم ہوئے۔ |
| رعشہ | غالب کے ہاتھوں میں رعشہ اتر آیا تھا۔ |
| جامعُ العلوم | مرزا صاحب جامعُ العلوم ہستی تھے۔ |

## 6-اعراب لگا کر تلفظ کی وضاحت کریں۔

جوابات:

مُتموِّل

شِعار

اِرتحال

قُدرِی

سَاکت

مُباحثَہ

مُتبسِّم

رُعشَہ

## 7-سبق "مرزا محمد سعید" کا متن ذہن میں رکھ کر درست یا غلط پر نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (الف) | مرزا محمد سعید کی موت کی خبر پڑھ کر دل دھک سے رہ گیا۔ | ✓درست / غلط |
| (ب) | مرزا صاحب پبلک پلیٹ فارم پر آنے سے گھبراتے نہیں تھے۔ | درست / غلط ✓ |
| (ج) | مرزا صاحب بڑے ٹھنڈے مزاج کے آدمی تھے۔ | ✓درست / غلط |
| (د) | مرزا صاحب جو کہہ دیتے اس سے کبھی نہ پھرتے۔ | ✓درست / غلط |
| (ہ) | مرزا محمد سعید دل کے مریض تھے۔ | دوست / غلط ✓ |